
www.understandquran.com




# سبق 43

## بتانا (اِظْهَار)
(نون ساکنہ و تنوین کو)

جس نون پر سکون ہو اس کو نون ساکنہ ( نْ ) کہتے ہیں، اگر نون ساکنہ کے بعد حلق والے حروف ( ء ہ ع ح غ خ ) آئیں تو نون ساکنہ کو نارمل طریقے پر پڑھیے۔ یہی قاعدہ تنوین (ــًــٍــٌ) میں بھی ہوگا؛ کیوں کہ تنوین میں نون ساکنہ چھپا ہوا ہوتا ہے۔

**نوٹ**: جن حروف پر حرکت نہ ہو ان حروف کو نہیں پڑھا جائے گا۔

| | نون ساکنہ ( نْ ) | | تنوین ــًــٍــٌ |
|---|---|---|---|
| | ایک لفظ میں | دو لفظوں کے درمیان | |
| ء | وَيَنْـَٔوْنَ<br>اور وہ سب دور بھاگتے ہیں | اَنْ اٰمِنُوْا<br>کہ تم سب ایمان لاؤ | عَذَابٌ اَلِيْمٌ<br>درد ناک عذاب |
| ہ | مِنْهُمْ | وَاِنْ هُمْ | اَسِحْرٌ هٰذَا |
| ع | اَنْعَمْتَ | فَاِنْ عُدْنَا | سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ |
| ح | وَانْحَرْ | مِنْ حَسَنَةٍ | عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ |
| غ | فَسَيُنْغِضُوْنَ | مِنْ غَيْرِ | رَبٌّ غَفُوْرٌ |
| خ | وَالْمُنْخَنِقَةُ | مِنْ خَيْرٍ | عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ |